www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



کہ فاتحہ کے بغیر نماز نہیں ہوتی، کیا یہ صحیح ہے، آپ نے فرمایا ہاں! چنانچہ امام مروزی نے ساتھ والے امام سے کہا کہ اب مخالفت نہ کرنا، حضورؐ کے آمنے سامنے بات ہوگئی ہے۔ (ص ۶۷)

بہر حال یہ کتاب ہر محقق کے پاس ہونی چاہیے۔ بڑی معلومات افزا اور بصیرت افروز ہے خدا مؤلف کو جزائے خیر دے۔ آمین

## (۳) اللہ کے احکام

| | |
|---|---|
| نام کتاب | اللہ کے احکام |
| مرتب | حافظ نذر احمد صاحب پرنسپل شبلی کالج |
| صفحات | ۹۶ |
| قیمت | دو روپے |
| پتہ | مسلم اکادمی ۲۹/۱۸ ۔ محمد نگر۔ اقبال روڈ۔ لاہور |

قرآن ہمارے دین اور دنیا کا ماخذ بھی ہے اور ضامن بھی اس لیے فرمایا:

وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيعًا ۔ (قرآن)

سب مل کر اللہ کی رسی (قرآن) کو تھام لو۔

جن لوگوں کو اپنی عاقبت عزیز ہے ان کے لیے قرآن کے بغیر چارہ نہیں۔ چونکہ سب لوگ پورے قرآن پر حاوی نہیں ہو سکتے اس لیے مندرجہ بالا کتاب مرتب کی گئی ہے تاکہ سب لوگوں کو قرآن تک رسائی حاصل ہو جائے اور اپنی زندگی کو اس کی راہ نمائی میں دے کر دین و دنیا میں سرفراز ہو جائیں۔

اس میں چالیس اوامر ہیں اور چالیس نواہی، پھر اسلوب بیان عام فہم اور اس قدر جاذب کہ عام لوگ بھی اس سے استفادہ کر سکیں۔ اور غافل حضرات بھی بیدار ہو جائیں۔

ہائی کلاسز اور کالج کے طلبا کے اسلامیات میں اگر اس کو بطور نصاب شامل کر لیا جائے تو یہ ملک و ملت کی بہت بڑی خدمت ہوگی۔

گورنمنٹ پاکستان کو چاہیے کہ وہ اس کو نصاب اسلامیات میں شامل کرنے کے لیے ضرور ہمدردانہ غور کرے، اب تک اس موضوع پر جتنی کتابیں داخل نصاب ہیں وہ اتنی معیاری اور مفید نہیں ہیں جتنی یہ ہے۔

منتخب آیات نہایت مختصر مگر جامع، ترجمہ رواں، شستہ، تشریح و تفسیر دلپذیر۔ نوجوان طلباء



© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ